ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(74)

06.02.24

بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے الیکشن 2024 کے پر امن انعقاد کے حوالے سے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو احکامات جاری کر دیئے۔تمام افسران و جوان ڈیوٹی کی حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے الرٹ ہو کر فرائض سرانجام دیں۔سکیورٹی اداروں کے تعاون سے الیکشن کو پر امن بنائیں گے،شر پسند عناصر کو واضح پیغام،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے الیکشن کے پر امن انعقاد کے حوالے سے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے تمام افسران و جوان فرائض کی بجا آوری کے سلسلہ میں ایمانداری،خوش اخلاقی اور محنت کو شعار بنائیں یہ الیکشن ہمارے لئے چیلنج کی حیثیت رکھتا ہے مجھے امید ہے آپ ایک منظّم فورس کے باضمیر اور فرض شناس عہدیدار کی حیثیت سے اس چیلنج کو قبول کریں گے اور اپنی ڈیوٹی میں کسی قسم کی لاپرواہی کوتاہی نہیں کریں گے۔اس کے علاوہ انہوں نے ہدایت کی کہ الیکشن کا سامان اور بیلٹ باکسز کی بحفاظت ترسیل کو یقینی بنائیں۔خواتین کے پولنگ اسٹیشنز پر لیڈی پولیس افسران تعینات کی گئی ہیں،تمام حساس پولنگ اسٹیشنز پر واک تھرو گیٹ نصب کیے جائیں گے۔کسی بھی شخص کو پولنگ اسٹیشن میں موبائل فون لے جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔پولنگ اسٹیشن آنے والے ہر شخص کو جامع تلاشی اور چیکنگ کے بعد داخلے کی اجازت ہوگی۔پولیس افسران واہلکار مکمل طور پر غیر جانبداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فرائض سرانجام دیں گے۔ضلع بھر کے پولیس اہلکاروں کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے باہمی طور پر منسلک کر دیا جائے گا۔پولیس اہلکار الیکشن کمیشن کے ضابطہ اخلاق کے خود پابند رہیں گے اور خلاف ورزی پر فوری حسب ضابطہ کارروائی یقینی بنائیں گے۔پولیس کی کوئیک رسپانس،ایلیٹ فورس اور ڈولفن فورس کی اضافی نفری ضلع میں گشت کو یقینی بنائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ شر پسند عناصر کو واضح پیغام ہے کہ قانون شکنی کرنے والے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا،کسی کو امن وامان کی صورتحال خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے الیکشن 2024 کے پر امن انعقاد کے حوالے سے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو سکیورٹی ڈیوٹی کے متعلق متعدد احکامات جاری کر دیئے